15/05/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازا اختر

دورہPM

وزیر اعظم نریندر مو دی آج5ملکوں متحد عرب امارات، نیدر لینڈس، سویڈن، ناروے اور اٹلی کے6روزہ دورے پر روانہ ہو رہے ہیں۔ دورے کے پہلے مرحلے میں وہ آج متحدہ عرب امارات پہنچ رہے ہیں جہاں وہ صدر شیخ محمد بن زائد النہان کے ساتھ ملاقات کریں گے۔

دونوں رہنما مختلف شعبوں میں شراکت داری کو آگے بڑھانے کے ساتھ ساتھ کئی علاقائی اور بین الاقوامی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔

BRICS

دریں اثناءوزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ بھارت کی چیر مین شپ میں اس سال برکس متحد ہو کر دیر پا ترقی کو فروغ دینے، معیشت کو دوام بخشنے اور ایک شمولیاتی ورلڈ آرڈر قائم کرنے کےلئے کام کرے گا۔

ممالک کی وزرائے خارجہ اور وفود کے سربراہوں کے ساتھ ملاقات کے BRICS نئی دلی میں اُبھرتی ہوئی معیشتوں میں تعاون بڑھانے اور گلوبل ساوتھ BRICS دوران وزیر اعظم نے کہا کہ کی توقعات کو ایک جہت دینے کےلئے موثر پلیٹ فارم کے طور پر اُبھر رہا ہے۔

تیل اضافہ

تیل کمپنیوں نے عالمی سطح پر خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کے چلتے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتونمیں تین روپے فی لیٹر اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی رہنمائی میں جمونو کشمیر میں نوجوانوں کےلئے ایک مضبوط بنیاد تیار کی گئی ہے تاکہ وہ اپنے خوابوں کو شرمندہ تعبیر

کرنے کے ساتھ قومی اور بین الاقوامی سطح کے کھیل مقا بلوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکیں۔

شوپیان مینساوتھ کشمیر والی بال لیگ2026کا افتتاح کرنے کے بعد منوج سنہا نے کہا کہ اس طرح کے کھیل مقابلے نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کو دوام بخشنے کے علاوہ نوجوانوں کی بہتر ذہنی و جسمانی نشو نما کو یقینی بنانے میں بھی مدد گار ثابت ہونگے۔

-----LG-----

شوپیان شبیر احمد کلے، یوتھ سروسز اینڈ MLAتقریب پر کھیل کود کے وزیر ستیش شرما، جنوبی کشمیر جا وید DIGسپورٹس، محکمے کے کمشنر سیکریٹری ڈاکٹر شاہد اقبال چودھری، شوپیان شِشر گپتا، ایس ایس پی شوپیان مشتاق احمد چودھری اور سیکریٹری جے اینڈ DCاقبال متو، بھی موجود تھیں۔ Nuzhat Gulکے سپورٹس کونسل

ملاقاتLG

افسروں کے ایک گروپ نے کل راج بھون سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر IASبیچ کے6 ٹرینی2025 منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ انہوننے جمونوکشمیر میں تربیت کے دوران اپنے تجربات سے ایل جی کو آگاہ کیا۔

بھی ایل Swarup فیڈریشن آف انڈین چیمبرس آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سکریٹری جنرل اننت جی منوج سنہا سے ملاق ہوئے۔

دریں اثناءکنگن حلقے کے اسمبلی ممبر میاں مہر علی نے ایل جی سے ملاقات کر کے کئی معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

کونسل

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت والے وزارتی کونسل نے سب ضلع اسپتال حضرت بل کا درجہ بڑھانے اور اس سے مکمل کرنے کی منظور ی دی ہے۔

درینا ثنا وزراتی کونسل نے اچھن سرینگر میں 361کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے ایک مربوط سالڈ ویسٹ منیجمنٹ پروجیکٹ قائم کرنے کی بھی منظوری دی ہے ۔8TPDسو

شیخ اعجاز

جموں کشمیر کے ڈگری کالجوں میں چار سالہ انڈر گریجویٹ کورسز اور پانچ سالہ انٹیگریٹیڈ PG پروگراموں کیلئے داخلے کا عمل شروع ہو گیا ہے۔

تفصیلات دیتے ہوئے جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

....

پولیس نشہ

پولیس نے نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت اننت ناگ میں کارروائی کر تے ہوئے NDPS ایکٹ کے تحت20لاکھ روپے مالیت کی8گاڑیوں کو اٹیچ کر دیا ہے۔ پولیس نے اسی طرح بڈگام کے چاڈورہ علاقے میں غیر قانونی طور کاشت کی جارہی خشخاش کو تباہ کر دیا۔

جا وید

جل شکتی کے وزیر جا وید احمد رانا اور زراعت کے وزیرجاوید احمد ڈار نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران MGنریگا کے تحت دردست لئے گئے آبپاشی کوہلوں اور چھوٹے آبپاشی پروجیکٹوں کی عمل آور ی اور صفائی کے کام کا جائزہ لیا۔

وزراءنے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ التوا ءمیں پڑے تمام کاموں کو معیاد بند مدت کے اندر مکمل کرے تاکہ آنے والے زرعی موسم میں کسانوں کو آبپاشی کی بہتر سہولیات دستیاب ہو سکے۔

Boxing

راجوری ضلعے سے تعلق رکھنے والے14برس کی عمر کے محمد یاسر جمونوکشمیر کے پہلے Boxer چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ Boxingبن گئے ہیں جنہوںنے انڈر 15 ایشین انہوںنے چمپئن شپ کے فائنل میں ازبکستان کے کھلاڑی کو چار ایک سے شکست دی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11 اعشاریہ 5ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ20 اعشاریہ 4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

.....